www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

03/FH/CC/M-2023-31

Booklet Series **A**

Candidate's Roll Number

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

Serial No. 100003

Question Booklet

# URDU LANGUAGE AND LITERATURE

**Time Allowed : 2 Hours** **Maximum Marks : 100**

**Read the following instructions carefully before you begin to answer the questions.**

## IMPORTANT INSTRUCTIONS

1. This Question Booklet contains **100** questions in all.
2. **All** questions carry equal marks.
3. Attempt **all** questions.
4. **Immediately after commencement of the examination, you should check up your Question Booklet and ensure that the Question Booklet Series is printed on the top right-hand corner of the Booklet and the Booklet contains 16 printed pages including one page (Page No. 16) for Rough Work and no page or question is missing or unprinted or torn or repeated. If you find any defect in this Booklet, get it replaced immediately by a complete Booklet of the same series.**
5. You must write your Roll Number in the space provided on the top of this page. Do not write anything else on the Question Booklet.
6. An Answer Sheet will be supplied to you separately by the Invigilator to mark the answers. **You must write your Name, Roll No., Question Booklet Series and other particulars in the space provided on Page-2 of the Answer Sheet provided, failing which your Answer Sheet will not be evaluated.**
7. You should encode your **Roll Number** and the **Question Booklet Series A, B, C or D** as it is printed on the top right-hand corner of this Question Booklet with Black/Blue ballpoint pen in the space provided on **Page-2** of your Answer Sheet. **If you do not encode or fail to encode the correct series of your Question Booklet, your Answer Sheet will not be evaluated correctly.**
8. Questions and their responses are printed in Urdu. Each question comprises of **four** responses—(A), (B), (C) and (D). You are to select ONLY ONE correct response and mark it in your Answer Sheet. In case you feel that there are more than one correct response, mark the response which you consider the best. In any case choose ONLY ONE response for each question. Your total marks will depend on the number of correct responses marked by you in the Answer Sheet.
9. In the Answer Sheet, there are **four** circles—(A), (B), (C) and (D) against each question. To answer the questions you are to **mark with Black/Blue ink ballpoint pen ONLY ONE circle** of your choice for each question. Select only one response for each question and mark it in your Answer Sheet. If you mark more than one answer for one question, the answer will be treated as wrong. **Use Black/Blue ink ballpoint pen only to mark the answer in the Answer Sheet. Any erasure or change is not allowed.**
10. You should not remove or tear off any sheet from the Question Booklet. You are not allowed to take this Question Booklet and the Answer Sheet out of the Examination Hall during the examination. **After the examination has concluded, you must hand over your Answer Sheet to the Invigilator.** Thereafter, you are permitted to take away the Question Booklet with you.
11. Failure to comply with any of the above instructions will render you liable to such action or penalty as the Commission may decide at their discretion.

SEAL

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

1۔ وسطی ہند آریائی کے کتنے ادوار قائم کیے گئے ہیں؟

(A) دو

(B) تین

(C) چار

(D) پانچ

2۔ شورسینی کا مرکز ——— کا علاقہ تھا۔

(A) جنوبی بہار

(B) مہاراشٹر

(C) مشرقی یوپی

(D) متھرا

3۔ درج ذیل بولیوں میں کون سی بولی مغربی ہندی میں شامل نہیں ہے؟

(A) سندھی

(B) کھڑی بولی

(C) برج

(D) بندیلی

4۔ اپ بھرنش کے معنی ——— ہیں۔

(A) مہذب

(B) خالص

(C) مسخ شدہ

(D) عوامی

5۔ "اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے۔" یہ خیال کس کا ہے؟

(A) میر امن

(B) محمد حسین آزاد

(C) سید سلیمان ندوی

(D) شوکت سبزواری

6۔ جدید ہند آریائی زبانوں کا زمانہ ——— مقرر ہے۔

(A) ۱۵۰۰ قبل مسیح تا ۱۰۰۰ قبل مسیح

(B) ۵۰۰ قبل مسیح تا آغاز سن عیسوی

(C) ۱۰۰۰ء تا حال

(D) آغاز سنہ عیسوی تا ۵۰۰ء

7۔ ان میں کون سا افسانہ واردات میں شامل ہے؟

(A) شطرنج کی بازی

(B) راہ نجات

(C) منتر

(D) انصاف کی پولیس

8۔ گنگو کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) نئی بیوی

(B) معصوم بچہ

(C) سیوانگ

(D) قاتل کی ماں

www.prepp.in

prepp
Your Personal Exams Guide

**9.** پریم چند کا پہلا افسانہ کس نام سے شائع ہوا؟

(A) دنیا کا سب سے انمول رتن

(B) بڑے گھر کی بیٹی

(C) زیور کا ڈبہ

(D) نمک کا داروغہ

**10.** پریم نے ——— میں وفات پائی۔

(A) 1935

(B) 1936

(C) 1937

(D) 1938

**11.** نظم '' شیشوں کا مسیحا کوئی نہیں'' فیض کے کس شعری مجموعہ میں شامل ہے؟

(A) دستِ تہ سنگ

(B) نقش فریادی

(C) زنداں نامہ

(D) دستِ صبا

**12.** میں نے سمجھا تھا کہ تو ہے تو درخشاں ہے حیات
تیرا غم ہے تو غم دہر کا جھگڑا کیا ہے
تیری صورت سے ہے عالم میں بہاروں کو ثبات
تیری آنکھوں کے سوا دنیا میں رکھا کیا ہے

یہ بند فیض کی کس نظم کا ہے؟

(A) دو عشق

(B) رقیب سے

(C) مجھ سے پہلی سی محبت مری محبوب نہ مانگ

(D) ملاقات

**13.** درج ذیل نظموں میں کون سی نظم فیض کی نہیں ہے؟

(A) چاند تاروں کا بن

(B) صبح آزادی

(C) دریچہ

(D) تنہائی

**14.** فیض احمد فیض کی وفات کس سنہ میں ہوئی؟

(A) 1980

(B) 1981

(C) 1983

(D) 1984

**15.** شمالی ہند کے فارسی شعرا ——— کا کلام دیکھ کر غزل کی طرف متوجہ ہوئے۔

(A) امیر خسرو

(B) ولی

(C) سراج

(D) قلی

**16.** کس صنف سخن میں زمانے کے ساتھ بدلنے ، ہر ضرورت کو پورا کرنے اور ہر طرح کے مضمون کو ادا کرنے کی صلاحیت موجود ہے؟

(A) مثنوی

(B) مرثیہ

(C) غزل

(D) رباعی

17. رباعی کا وزن کس بحر سے نکلا ہے؟

(A) ہزج

(B) رجز

(C) رمل

(D) کامل

18. رباعی کے ——— اوزان مقرر ہیں۔

(A) 7

(B) 12

(C) 19

(D) 24

19. نعتیہ قصیدہ گوئی میں کس نے قابل رشک مقام حاصل کیا؟

(A) ولی

(B) محسن کاکوروی

(C) امیر مینائی

(D) جلیل

20. ——— قصیدہ وہ ہے جس میں اصل مدعا سے پہلے تمہید باندھی جاتی ہے۔

(A) تمہیدیہ

(B) بہاریہ

(C) ہجویہ

(D) خطابیہ

21. کس شاعر نے مرثیہ کے لیے مسدس کو مخصوص کر دیا ؟

(A) مرزا

(B) سودا

(C) ضمیر

(D) خلیق

22. سودا کس کے کہنے پر اردو کی طرف متوجہ ہوئے؟

(A) خان آرزو

(B) آبرو

(C) حاتم

(D) ناجی

23. ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی
نہ ٹوٹی شیخ سے زنار تسبیح سلیمانی

یہ مطلع کس کی شان میں کہے ہوئے قصیدہ کا ہے؟

(A) حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

(B) حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ

(C) سرفراز الدولہ

(D) آصف الدولہ

24. ——— نے سودا کو قصیدہ گوئی میں نقاش اول کہا ہے۔

(A) میر

(B) میر حسن

(C) قائم چاند پوری

(D) مصحفی

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

25۔ کس صنف کا مقصد معلومات کی فراہمی کے بجائے جمالیاتی کیفیت کے لیے تخیل کو برانگیختہ کرنا ہوتا ہے؟

(A) مقالہ
(B) تقریظ
(C) انشائیہ
(D) خاکہ

26۔ ناول ——— زبان کے لفظ ناویلا سے نکلا ہے۔

(A) انگریزی
(B) جرمنی
(C) فرانسیسی
(D) اطالوی

27۔ '' تنقید ادب کے ساتھ وہ سلوک کرتی ہے جو ڈاکٹر جسم کے ساتھ کرتا ہے''۔ یہ کس کا قول ہے؟

(A) ایلیٹ
(B) رچرڈسن
(C) کولرج
(D) ایمرسن

28۔ ادب کی شعریات کی تلاش کس دبستانِ نقد کا مقصد ہے؟

(A) اسلوبیاتی
(B) ساختیاتی
(C) نفسیاتی
(D) جمالیاتی

29۔ ——— میں بحر اور بحر کے ارکان کی تعداد اور ترتیب پابند نظموں کی طرح ہوتی ہے مگر قافیہ اور ردیف کی قید نہیں ہوتی۔

(A) نظم معریٰ
(B) آزاد نظم
(C) نثری نظم
(D) ترائیلے

30۔ '' نقاد کا کام صرف بت گری نہیں بت شکنی بھی ہے اور کلیم الدین احمد نے بہت سے بت توڑے ہیں''۔ یہ رائے کس نقاد کی ہے؟

(A) احتشام حسین
(B) احسن فاروقی
(C) آل احمد سرور
(D) شمس الرحمٰن فاروقی

31۔ بقول کلیم الدین احمد '' حالی کی طرح ———صاحب بھی اخلاق کو اس کے محدود اور سطحی معنی میں استعمال کرتے ہیں''۔

(A) آل احمد سرور
(B) احتشام
(C) محمد حسن
(D) مجنوں

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

32۔ '' یہ صحیح ہے کہ تنقید محض گپ ، ذاتی رائے کا نام نہیں یہ بھی ایک فن ہے دوسرے فنون کی طرح اس کے بھی اصول و مقاصد ہیں۔ اس حقیقت پر زور دینا ہر نقاد کا فرض ہے اور ترقی پسند نقاد اس پر بجا زور دیتے ہیں''۔ یہ اقتباس کس کتاب کا ہے؟

(A) تنقید کیا ہے
(B) اردو تنقید پر ایک نظر
(C) عملی تنقید
(D) ترقی پسند ادب

33۔ کلیم الدین احمد کا پیدائشی نام کیا ہے؟

(A) عزیز الدین احمد
(B) مختار الدین احمد
(C) فصیح الدین احمد
(D) رحیم الدین احمد

34۔ شاد عظیم آبادی کی تاریخ پیدائش ۱۹ محرم ——— ہے۔

(A) ۱۲۶۲ھ
(B) ۱۲۶۴ھ
(C) ۱۲۶۵ھ
(D) ۱۲۶۸ھ

35۔ لے کے خود پیرمغاں ہاتھ میں مینا آیا
——— شرم کہ اس پر بھی نہ پینا آیا

(A) زاہد و
(B) ناصحو
(C) مے کشو
(D) دوستو

36۔ شاد نے کس سے اصلاح لی؟

(A) اسیر
(B) شاہ الفت حسین فریاد
(C) دبیر
(D) شیفتہ

37۔ قافلہ حجاز میں ایک حسین بھی نہیں
گرچہ ہے تابدار ابھی گیسو دجلہ و فرات
یہ شعر اقبال کی کس نظم کا ہے؟

(A) ذوق و شوق
(B) فرشتوں کا گیت
(C) طارق کی دعا
(D) مسجد قرطبہ

38۔ اقبال نے نظم 'مسجد قرطبہ' کے کس بند میں مرد مومن کا تصور پیش کیا ہے؟

(A) پہلے
(B) دوسرے
(C) تیسرے
(D) پانچویں

39۔ ترے ضمیر پہ جب تک نہ ہو نزول کتاب
گرہ کُش ہے نہ رازی نہ صاحب کشاف
اس شعر میں صاحب کشاف سے مراد کون ہیں؟

(A) رومی
(B) داغ
(C) ابوالقلام محمود
(D) ابن عربی

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

40۔ ساقی نامہ میں کتنے بند ہیں؟

(A) نو

(B) چار

(C) پانچ

(D) سات

41۔ میر تقی میر نے اپنے تذکرۂ شعرا اردو میں کس کو اپنا استاد اور پیر و مرشد لکھا ہے؟

(A) خان آرزو

(B) سید امان اللہ

(C) سید سعادت علی خاں

(D) عالمگیر ثانی

42۔ یاد اس کی اتنی خوب نہیں میر باز آ
نادان پھر وہ —— سے بھلایا نہ جائے گا
اس لفظ کا انتخاب کیجیے جس سے یہ شعر مکمل ہو :

(A) تجھ

(B) دل

(C) جی

(D) مجھ

43۔ میر کی تاریخ وفات کس نے ''واویلا مرد شہ شاعراں'' سے برآمد کی؟

(A) مصحفی

(B) سودا

(C) ناسخ

(D) میر حسن

44۔ مولوی عبدالحق کے خیال میں میر کی عشقیہ مثنویوں میں قصے اور بیان کے لحاظ سے سب سے بہتر کون سی مثنوی ہے؟

(A) اعجاز عشق

(B) شعلۂ عشق

(C) جوش عشق

(D) خواب و خیال

45۔ درج ذیل مصرعوں سے اس مصرعہ کی نشاندہی کیجیے جس سے شعر کی تکمیل ہو؟

ے فیض اے ابر چشم تر سے اٹھا

(A) منھ تکا ہی کرے یہ جس تس کا

(B) دل ہوا ہے چراغ مفلس کا

(C) حال ہی اور کچھ ہے مجلس کا

(D) آج دامن وسیع ہے اس کا

46۔ ''باغ و بہار'' میں چار درویشوں کے قصے کو ایک لڑی میں کون پروتا ہے؟

(A) آزاد بخت

(B) خواجہ سگ پرست

(C) مہر نگار

(D) خواجہ زدہ یمن

www.prepp.in

Prepp Your Personal Exams Guide

**47.** " باغ و بہار" تاریخی نام ہے اس سے کتنے اعداد برآمد ہوتے ہیں؟

(A) 1802

(B) 1212

(C) 1215

(D) 1217

**48.** " میر امن کو اردو نثر میں وہی مرتبہ حاصل ہے جو میر تقی میر کو شاعری میں حاصل ہے"۔
یہ کس کا قول ہے؟

(A) محمود خاں شیرانی

(B) سرسید

(C) مولوی عبدالحق

(D) نورالحسن ہاشمی

**49.** کون سا درویش اپنے مصاحب سے حاتم طائی کی سخاوت کا حال سن کر فیاضی کی طرف مائل ہوا؟

(A) دوسرا

(B) پہلا

(C) تیسرا

(D) چوتھا

**50.** تیسرا درویش —— کے بادشاہ کا اکلوتا بیٹا ہے۔

(A) چین

(B) قسطنطنیہ

(C) عجم

(D) ملک فارس

**51.** جوش نے اپنی کس نظم میں یہ دعویٰ کیا ہے؟

ادب کر اس خراباتی کا جس کو جوش کہتے ہیں
کہ یہ اپنی صدی کا حافظ و خیام ہے ساقی

(A) بحفرۂ ساقی

(B) سرشک تبسم

(C) گمنام ولولے

(D) حسن اور مزدوری

**52.** ضعف سے آنکھوں کے نیچے تتلیاں پھرتی ہوئی
اوج خودداری سے دل پر بجلیاں گرتی ہوئی

یہ شعر کس نظم کا ہے؟

(A) مہاجن اور مفلس

(B) جھریاں

(C) کسان

(D) مفلس

**53.** خورشید وہ دیکھو ڈوب گیا ظلمت کا نشاں —— لگا
مہتاب وہ ہلکے بادل سے چاندی کے ورق برسانے لگا

اس لفظ کا انتخاب کیجیے جس سے مصرعۂ اولیٰ کی تکمیل ہو :

(A) لہرانے

(B) تھرانے

(C) چکرانے

(D) گھبرانے

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

54. سیف و سبو کے متعلق کون سا خیال درست ہے؟

(A) یہ جوش کا پہلا مجموعہ ہے

(B) یہ ان کا دوسرا مجموعہ ہے

(C) اس میں جوش کا منتخب کلام ہے

(D) یہ انتخاب عزیز احمد نے کیا ہے

55. جوش کے شعری مجموعے کی نشاندہی کیجیے؟

(A) رمز و کنایت

(B) گرداب

(C) حرف و حکایت

(D) شام شہر یاراں

56. غالب کا دیوان ان کی زندگی میں کتنی مرتبہ شائع ہوا؟

(A) دو

(B) تین

(C) چار

(D) پانچ

57. سب سے پہلے غالب کے خطوط کو شائع کروانے کا خیال کسے آیا؟

(A) منشی شیو نرائن

(B) چودھری عبدالغفور سرور

(C) خواجہ غلام غوث خاں

(D) میر مہدی مجروح

58. کلام غالب کے متعلق یہ رائے کس کی ہے کہ" لوح سے تمت تک مشکل ہے سو صفحے ہیں لیکن کیا ہے جو یہاں حاضر نہیں۔ کون سا نغمہ ہے جو اس زندگی کے تاروں میں بیدار یا خوابیدہ موجود نہیں"۔؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) حالی

(C) خواجہ احمد فاروقی

(D) ڈاکٹر عبدالرحمٰن

59. فروغ شعلۂ خس یک نفس ہے

مصرع ثانی کی نشاندہی کیجیے :

(A) تغافل ہائے تمکیں آزما کیا

(B) ہوس کو پاس ناموش وفا کیا

(C) شکایت ہائے رنگیں کا گلہ کیا

(D) تغافل ہائے ساقی کا گلہ کیا

60. جذبۂ بے اختیار شوق دیکھا چاہیے

سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا

اس میں کون سی صنعت ہے؟

(A) تجاہل عارفانہ

(B) ایہام

(C) مراعات النظیر

(D) حسن تعلیل

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

61. ' تذکرہ ' کس کی خودنوشت سوانح حیات ہے ؟

(A) میر تقی میر
(B) ابوالکلام آزاد
(C) سید سلیمان ندوی
(D) عبدالماجد دریا بادی

62. مولانا آزاد کی ولادت کہاں ہوئی؟

(A) رانچی
(B) کلکتہ
(C) دہلی
(D) مکہ معظمہ

63. محمود خاں شیرانی سے قبل کس نے اس خیال کا اظہار کیا کہ اردو کا آغاز پنجاب سے ہوا؟

(A) گل کرائسٹ
(B) گارسن دتاسی
(C) گریرسن
(D) شیر علی سرخوش

64. '' فطرت نے انسان کی طرح کبھی یہ نہیں کیا کہ کسی کو شادکام رکھے کسی کو محروم کردے۔ وہ جب کبھی اپنے چہرے سے نقاب الٹتی تو سب کو یکساں طور پر نظارۂ حسن کی دعوت دیتی ہے''۔ یہ اقتباس جس خط سے لیا گیا ہے اس کا عنوان کیا ہے؟

(A) حکایت بادہ و تریاک
(B) حکایت زاغ و بلبل
(C) چڑیا چڑے کی کہانی
(D) داستان بے ستون و کون کن

65. 'غبار خاطر' کو سب سے پہلے کس نے اپنے مقدمے کے ساتھ شائع کیا ؟

(A) مالک رام
(B) غلام رسول مہر
(C) محمد اجمل خاں
(D) ہمایوں کبیر

66. درج ذیل میں سے کون احمد نگر جیل میں مولانا آزاد کے ساتھ نہیں تھے؟

(A) جواہر لال نہرو
(B) مہاتما گاندھی
(C) سید محمود
(D) آصف علی

67. مولانا آزاد نے اپنے ایک خط میں 'metamorphism' کا ترجمہ کیا کیا ہے؟

(A) تغیر
(B) دگر شکلیت
(C) تحول صورت
(D) قلب ماہیت

68. دکنی میں غیر مذہبی نثر کا مستند نقش اولین کون سا ہے؟

(A) معراج العاشقین
(B) سب رس
(C) شکار نامہ
(D) کلمتہ الحقائق

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

69. قصہ در قصہ کی تکنیک کس صنف میں پائی جاتی ہے؟

(A) داستاں

(B) ناول

(C) ڈراما

(D) افسانہ

70. کون سا ناول قسط وار اودھ پنچ میں شائع ہوتا رہا؟

(A) ابن الوقت

(B) سیر کہسار

(C) جام سرشام

(D) فسانۂ آزاد

71. اردو میں کتنی معکوسی آوازیں ہیں؟

(A) چار

(B) چھ

(C) سات

(D) آٹھ

72. اردو کے انفی مسموع دولبی مصمے کی نشاندہی کیجیے؟

(A) م

(B) ک

(C) ن

(D) ف

73. مولانا حالی نے کسے حیوان ظریف کہا ہے؟

(A) انشا

(B) سودا

(C) غالب

(D) رنگین

74. تنقید کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(A) رائے دینا

(B) سراغ لگانا

(C) پرکھنا

(D) قدر متعین کرنا

75. ایک مصلح زبان کی حیثیت سے کون امتیاز رکھتے ہیں؟

(A) ناسخ

(B) مصحفی

(C) آتش

(D) ذوق

76. 'ہو' کس ڈرامے کا نقطۂ عروج ہے؟

(A) ضحاک

(B) انارکلی

(C) پیسہ اور پرچھائیں

(D) پردۂ غفلت

www.prepp.in

77۔ ڈراما ' انارکلی' کا انتساب کس کے نام ہے؟

(A) آغا حشر

(B) اقبال

(C) احمد شجاع

(D) حجاب اسمٰعیل

78۔ '' قسمت کا ستارہ!

یہ قسمت کے ستارے ٹوٹا نہیں کرتے''

یہ مکالمہ کون ادا کرتا ہے؟

(A) دلا رام

(B) انارکلی

(C) سلیم

(D) بختیار

79۔ ڈراما ' انارکلی' کس سنہ میں شائع ہوا؟

(A) 1922

(B) 1925

(C) 1930

(D) 1932

80۔ ڈراما ' انارکلی' میں کتنے مناظر ہیں؟

(A) نو

(B) بارہ

(C) تیرہ

(D) چودہ

81۔ رسوا کا پہلا ناول کون سا ہے؟

(A) افشائے راز

(B) خونی عاشق

(C) اختری بیگم

(D) ذات شریف

82۔ کس ناول کو اردو کا پہلا کامیاب اور مکمل نفسیاتی ناول قرار دیا گیا ہے؟

(A) فردوس بریں

(B) فسانۂ آزاد

(C) ذات شریف

(D) امراؤ جان ادا

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

83. ان میں سے کون سا کردار امراؤ جان ادا کا نہیں ہے؟

(A) دلاور خاں

(B) ظاہر دار بیگ

(C) گوہر مرزا

(D) بسم اجاں

84. دلاور امیرن کو لکھنؤ لے جا کر کس کو بیچ دیتا ہے؟

(A) بوا حسینی

(B) بسم اللہ جاں

(C) خانم جان

(D) خورشید جاں

85. امراؤ جان ادا کا پہلا مجرا کس کے یہاں ہوا تھا؟

(A) نواب شجاعت علی خاں

(B) نواب چھبن

(C) راجہ دھیان سنگھ

(D) نواب سلطان مرزا

86. نظم آزاد کے فروغ میں کس کا اہم حصہ ہے؟

(A) آزاد و حالی

(B) شرر و کیفی

(C) میراجی و راشد

(D) فیض و ساحر

87. لاہور میں مولانا آزاد اور مولانا حالی کے تعاون سے ——— کی سرپرستی میں ایک نئے انداز کے مشاعرے کی بنیاد پڑی۔

(A) لائٹنر

(B) ہالرائڈ

(C) میر حسن

(D) گل کرائسٹ

88. دکنی کی سب سے ضخیم مثنوی کون سی ہے؟

(A) خاور نامہ

(B) طوطی نامہ

(C) فتح نامہ ظفر شاہ

(D) علی نامہ

www.prepp.in

89۔ کس کا تعلق نفسیاتی دبستانِ نقد سے ہے؟

(A) ممتاز حسین

(B) مجنوں گورکھپوری

(C) سرور

(D) شبیہ الحسن

90۔ گیان چندر جین نے کسے بت شکن محقق کے نام سے یاد کیا ہے؟

(A) امتیاز علی خاں عرشی

(B) قاضی عبدالودود

(C) محمود خاں شیرانی

(D) عبدالحق

91۔ دکنی میں غیر مذہبی موضوع پر لکھی جانے والی پہلی مثنوی کون سی ہے؟

(A) کدام راؤ پدم راو

(B) قطب مشتری

(C) گلشن عشق

(D) چند بدن و مہیار

92۔ کس میں واقعات کربلا نظم کئے گئے ہیں؟

(A) سکھ انجن

(B) جنگ سنگار

(C) نو سرہار

(D) ولایت نامہ

93۔ ان میں جدیدیت کا نمائندہ افسانہ نگار کون ہے؟

(A) سریندر پرکاش

(B) بیدی

(C) عصمت

(D) کرشن چندر

94۔ کس نے اپنے تاریخی ناولوں کی بدولت شہرت پائی؟

(A) شوکت صدیقی

(B) جمیلہ ہاشمی

(C) قاضی عبدالستار

(D) عبداللہ حسین

www.prepp.in
Prepp
Your Personal Exams Guide

95. اس میں قرۃ العین حیدر کا ناول کون سا ہے؟

(A) ایسی بلندی ایسی پستی

(B) گریز

(C) چاندنی بیگم

(D) ضدی

96. غزالاں تم تو واقف ہو کہو مجنوں کے مرنے کی
دوا نا مر گیا آکر کو ویران پہ کیا گذری
اس شعر کا خالق کون ہے؟

(A) راسخ

(B) لچھمی نرائن

(C) یاس عظیم آبادی

(D) رام نرائن موزوں

97. صوبۂ بہار میں قدیم اردو کے نمونے کس کے عہد سے ملتے ہیں؟

(A) حضرت سید احمد چرم پوش

(B) حضرت شیخ شرف الدینؒ

(C) حضرت سید جلال بخاری

(D) حضرت مخدوم شیخ شعیب

98. کس نے اردو شاعری میں ہیت کے تجربوں کو فروغ دینے کی باضابطہ کوشش کی؟

(A) حالی

(B) آزاد

(C) اسمٰعیل میرٹھی

(D) عبدالحلیم شرر

99. کس مثنوی کو عادل شاہی عہد کی منظوم تاریخ کہا گیا ہے؟

(A) قصہ بے نظیر

(B) علی نامہ

(C) فتح نامہ نظام شاہ

(D) طوطی نامہ

100. حرف تاکید چ کس زباں کی اہم خوبی ہے؟

(A) دکنی

(B) پنجابی

(C) سندھی

(D) میواتی